© rasailojaraid.com



ادارہ　　مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں

# اخبار الاحرار

چنیوٹ (۴؍جولائی۔رپورٹ: محمد طیب معاویہ) مرکزِ احرار جامع مسجد مدنی سرگودھا روڈ چنیوٹ میں جمعہ کے عظیم اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اسلام دین ہے نظریہ نہیں۔ پاکستان دین اسلام کے نام پر قائم ہوا۔ ہمیں دین پر ہر چیز مقدم ہے۔ اگر دین کو وطن سے الگ کیا گیا تو وطن کی سلامتی ممکن نہیں رہے گی۔ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے مسئلہ پر حکومت اور انکوائری کمیٹی قادیانیت نوازی سے باز رہے ورنہ یاد رکھیں ۱۹۷۴ء کی تحریک بھی فیصل آباد اور چناب نگر سے شروع ہوئی تھی جس کے ذریعے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا۔ پاکستان کی نظریاتی شناخت کو ختم کرنا عالمی سامراج کا ایجنڈا ہے۔ اس کی تکمیل کے لیے قادیانی ٹولہ رضا کارانہ خدمات انجام دے رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے غدار ہیں، وہ کسی کے وفادار نہیں ہو سکتے۔ حکومت قادیانیوں کو جتنی مراعات بھی دے لے لیکن وہ یاد رکھے کہ یہ ٹولہ اپنے ملک پاکستان کے نہیں امریکہ، اسرائیل اور یورپ کے مفادات کے محافظ ہیں۔

قائدِ احرار نے گورنر پنجاب کو متنبہ کیا کہ وہ مملکتِ اسلامیہ کے گورنر ہاؤس کو قادیانی آماجگاہ نہ بنائے۔ انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مولانا عبدالعزیز کو رہا کر کے لال مسجد کی خطابت پر بحال کیا جائے۔ جامعہ حفصہ کو بحال اور جامعہ فریدیہ کو کھولا جائے۔ قائدِ احرار نے پنجاب میڈیکل کالج کے مسئلے پر فیصل آباد میں تاریخی ہڑتال کرنے پر تمام تاجر برادری، دینی رہنماؤں اور عوام کا شکریہ ادا کیا اور عوام الناس سے پر زور اپیل کی کہ قادیانیوں کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے۔

تحریک طلباء اسلام کے کنوینر سید صبیح الحسن ہمدانی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سول اور فوج میں مسلط تمام کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو ہٹایا جائے۔ قادیانیوں کو اسلامی شعائر استعمال کرنے سے روکا جائے۔ حکومت ان کے خطرناک عزائم کو روکے اور وطن عزیز کی سلامتی کو یقینی بنائے۔ انھوں نے آصف زرداری کے مدارس بند کرنے کے بیان کی پرزور مذمت کی اور اسے امریکی ایجنڈا قرار دیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۱؍جولائی) مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اسلام امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ مذہبی قوتوں پر دہشت گردی کا الزام بے بنیاد اور مضحکہ خیز ہے۔ وہ مرکزی مسجد عثمانیہ چیچہ وطنی میں نمازِ جمعۃ المبارک کے بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ لادین حکمران غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مختلف حیلے بہانوں سے قانونِ توہینِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم ختم کرنے کے درپے ہیں لیکن غیور مسلمان اس کے لیے ہر طرح کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں جو کہ ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان کی بقاء قرآن وسنت کی بالادستی اور حکومت الٰہیہ کے نفاذ میں ہے۔ جب تک ملک میں اسلامی نظام رائج نہیں ہوتا اُس وقت تک ملک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں افراتفری، ظلم وتشدد، ناانصافی اور غربت وافلاس کا خاتمہ ممکن نہیں۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ حکمران لال مسجد اور جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) کے مظلوم طلباء وطالبات کے خونِ ناحق سے کسی بھی صورت نہیں بچ سکتے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ ماں، بہن اور بیٹی کی عزت وآبرو کی حفاظت کرنا انتہا پسندی اور دہشت گردی نہیں بلکہ اسلامی تشخص کی حفاظت اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کی پیروی ہے۔ انھوں نے کہا کہ دین کی جنگ غیرت اور حمیت کے ساتھ لڑنے کی ضرورت ہے، بزدل حکمران امریکی ایجنڈے کی روشنی میں ملک کی سلامتی کے خلاف خطرناک کھیل کھیل رہے ہیں۔

☆☆☆

فیصل آباد (۶ رجولائی، رپورٹ: محمد طیب قاسمی) انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے زیرِ اہتمام جامعہ قاسمیہ فیصل آباد میں عظیم الشان "ختم نبوت کانفرنس" منعقد ہوئی۔ جس میں ملک بھر کی نمائندہ شخصیات نے قادیانیوں کی ملک گیر سطح پر بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنما حافظ حسین احمد، کالعدم ملتِ اسلامیہ کے صدر مولانا محمد احمد لدھیانوی، جمعیت علماء اسلام (سینئر گروپ) کے امیر مولانا عبدالرحیم نقشبندی، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے صدر مولانا محمد الیاس چنیوٹی (ایم پی اے) صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی، قاری شبیر احمد عثمانی، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہدالراشدی، مولانا محمد عالم طارق، مولانا شاہ عبدالعزیز، مولانا امیر حمزہ، مولانا محمد یوسف انور، مولانا عبدالرشید انصاری، مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا خورشید احمد گنگوہی سمیت متعدد دیگر حضرات نے خطاب کیا۔ مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا کہ گورنر پنجاب اور اعلیٰ سرکاری حکام پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد سے ارتدادی سرگرمیوں میں ملوث نکالے جانے والے قادیانی طلباء وطالبات کے مسئلہ پر سرکاری دباؤ ڈال کر فیصل آباد کے حالات کو دانستہ خراب کر رہے ہیں۔ مختلف جماعتوں کے سرکردہ رہنماؤں نے قادیانی سٹوڈنٹس کو قواعد کے مطابق کالج سے خارج کیا گیا تھا۔ ان کی بحالی قادیانیت نوازی کی بدترین مثال ہوگی۔ کانفرنس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بھی شرکت کی اور تحریک ختم نبوت کے مطالبات کی مکمل تائید وحمایت کا اعلان کیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۴ رجولائی) پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد سے نکالے گئے سٹوڈنٹس کو واپس لینے، بڑھتی ہوئی قادیانی ارتدادی سرگرمیوں اور حکومت اور خصوصاً گورنر پنجاب کی قادیانیت نواز پالیسیوں کے خلاف ختم نبوت سٹوڈنٹس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے تعاون سے تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے زیرِ اہتمام چیچہ وطنی پریس کلب کے باہر ایک پر جوش اور زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس کی قیادت حافظ محمد آصف سلیم، محمد معاویہ راشد، محمد اعظم، سید میر رمیز احمد، محمد شاہد حمید، محمد عمیر چیمہ محمد قاسم چیمہ اور دیگر کر رہے تھے۔ طلباء تنظیموں کے کارکنوں نے بھرپور شرکت کی۔ طلباء نے اپنے مطالبات پر مشتمل پلے کارڈز اُٹھا رکھے تھے جن پر PMC فیصل آباد سے نکالے جانے والے ۲۳ قادیانی طلباء وطالبات کی بحالی کا فیصلہ نامنظور۔ نامنظور، گورنر پنجاب گورنر ہاؤس کو قادیانیت کی آماجگاہ نہ بنائیں، تعلیمی اداروں کے داخلہ فارموں میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کیا جائے، PMC فیصل آباد میں ارتداد پھیلانے والے قادیانی سٹوڈنٹس پر مقدمہ درج کیا جائے، سوات وزیرستان اور شمالی علاقہ جات



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں جاری فوجی آپریشن فوری بند کیا جائے، حکمرانو! قادیانیت نوازی ترک کردو' جیسے نعرے درج تھے۔ مظاہرے کے شرکاء پر امن اور منظّم طور پر جب پریس کلب بلڈنگ کے قریب پہنچے تو نہایت پرجوش انداز میں حکومت اور قادیانیوں کے خلاف نعرے بازی کر رہے تھے۔ حافظ محمد آصف سلیم، حافظ محمد معاویہ راشد، حافظ محمد اعظم اور محمد عمیر چیمہ نے مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے والدِ گرامی ایم ڈی تاثیر مرحوم نے تو تحفظِ ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہونے والے غازی علم الدین شہید کے جنازے کے لیے چارپائی فراہم کی تھی اور وہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری جیسی شخصیات سے متاثر تھے جبکہ گورنر پنجاب اور ان کے ملکیتی اخبارات مسلسل قادیانیوں اور دین دشمنوں کی حمایت کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں اِرتداد پھیلانے والے قادیانی سٹوڈنٹس کے خلاف تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ ۲۹۸۔سی کے تحت مقدمہ درج ہونے تک احتجاج کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انھوں نے کہا کہ تین جولائی جمعرات کو فیصل آباد میں شٹر ڈاؤن نے ثابت کر دیا ہے کہ نامساعد حالات کے باوجود لوگ عقیدہ ختمِ نبوت کے عقیدہ کے لیے سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار ہیں۔ مقررین نے الزام عائد کیا کہ گورنر پنجاب اور ہیلتھ سیکرٹری نے انکوائری کمیٹی کو مرضی کی رپورٹ تیار کرنے کا حکم صادر کیا اور قادیانیوں کی طرف داری سے کمیٹی کو داغ دار کیا۔ انھوں نے کہا کہ کوئی غیرت مند مسلمان قادیانیوں اور منکرینِ ختمِ نبوت کی حمایت نہیں کر سکتا۔ پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا اور بھٹو نے اپنے آخری ایامِ اسیری میں کہا تھا کہ '' قادیانی پاکستان میں وہی حیثیت کرنا چاہتے ہیں جو امریکہ میں یہودیوں کو حاصل ہیں۔'' مقررین نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں قادیانی طلباء کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے اور اِس کے لیے پورے ملک کے تعلیمی اداروں میں مہم چلائی جائے گی۔ طالب علم رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ PMC فیصل آباد سے نکالے گئے قادیانی طلباء و طالبات کو بحال کرنے کا فیصلہ بلاتاخیر واپس لیا جائے، ورنہ یاد رکھیں کہ ۱۹۷۴ء میں بھی قادیانیوں نے نشتر میڈیکل کالج ملتان کے طلباء پر حملہ کیا تھا اور اب پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے طلباء کے ایمان کا امتحان لینے کی کوشش کی ہے۔ طلباء برادری اِس تحریک کو آگے بڑھائے گی۔ انھوں نے کہا کہ PMC فیصل آباد کے طلباء کسی ڈسپلنری کمیٹی کو نہیں مانیں گے اور نہ ہی کسی انکوائری کمیٹی کا حصہ بنیں گے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۳۰ر جون) ضلع ساہیوال کے ایک سو سے زائد علماءِ کرام اور دینی رہنماؤں نے حج و عمرہ جیسی مقدس عبادت کو دن بدن مہنگا اور مشکل کر دینے پر گہری تشویش ظاہر کی ہے اور کہا ہے کہ حکومت یا تو پی آئی اے کے کرایوں میں نمایاں کمی کرے یا پھر دیگر بین الاقوامی ہوائی کمپنیوں کو بھی حج و عمرہ کے لیے اجازت دے تاکہ لوگ سہولت اور آسانی کے ساتھ اس فریضے کو انجام دے سکیں۔ مرکزی جامع مسجد عیدگاہ ساہیوال کے خطیب مولانا عبدالستار، قاری منظور احمد طاہر، مولانا کلیم اللہ رشیدی، قاری سعید ابنِ شہید، قاری عبدالجبار، قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، مولانا شاہد محمود احمد، رضوان الدین صدیقی، مولانا عبدالباسط، محمد اسلم بھٹی سمیت ایک سو سے زائد رہنماؤں نے حج و عمرہ کے لیے پی آئی اے کے کرایوں کے بے حد اضافہ کو فوری طور پر واپس لے کر اس پر نظرِ ثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ اِن رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ حاجیوں اور زائرین کو سامان اور آبِ زم زم کے وزن میں بھی خصوصی رعایت دی جائے اور حکومت سبسڈی دے کر حج و عمرہ کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سستا بنائے۔ان رہنماؤں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ سابق حکومت کی سفارش اقربا پروری اور بدنیتی پر مبنی پرائیویٹ حج آرگنائزر کے فلسڈ کوٹے کے نظام کو بھی ختم کیا جائے اور ان قباحتوں اور کرپشن کی سرپرستی کرنے والے مافیا سے بھی نجات دلائی جائے۔ مذہبی رہنماؤں نے حج ٹوورز گروپ میں لاہور کی ایک قادیانی کمپنی کو شامل کرنے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حج وعمرہ کے لیے جن کمپنیوں کو اجازت نامہ جاری کیا گیا ہے۔اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی قادیانی یا غیر مسلم کمپنی کسی ہیرا پھیری کے ساتھ اس میں شامل نہ ہو جائے اور جس قادیانی فرم کو اس میں شامل کیا گیا ہے یہ فیصلہ بلا تاخیر واپس لیا جائے۔

☆☆☆

فیصل آباد (۱۱رجولائی) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں قادیانی طلباء کی اِرتدادی سرگرمیوں اور نکالے گئے سٹوڈنٹس کے حوالے سے صوبائی حکومت خصوصاً گورنر پنجاب اور فیصل آباد کی سرکاری انتظامیہ اور کالج کی انتظامیہ اسلامیان پاکستان اور تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ ۲۹۸۔سی کو ملحوظ رکھیں ورنہ تاخیری حربے استعمال کرکے جو کیفیت پیدا کی جارہی ہے اس سے کشیدگی بڑھے گی اور فیصل آباد کے غیور عوام حیلے سے قادیانیت کی طرف داری کرنے والے کسی فیصلے کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ایک بیان میں انھوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کورمنیجمنٹ نے قادیانیوں کو مقدمے کی تفتیش تک کلاسز جاری رکھنے کی اجازت دے کر حالات کو شعوری طور پر خراب کرنے کی کوشش کی ہے اور اصل صورتحال سے لاعلم رکھ کر روائتی انداز میں دھوکہ دینے کی کوشش نہ کی جائے۔

## عالمی قوتیں اسلام اور ایمان پر حملہ آور ہیں، ہمیں محتاط رہنا ہوگا (عبدالرحمٰن جامی نقشبندی)

جلال پور پیروالا (۱۸رجولائی۔رپورٹ: محمد مروان عبداللہ فاروقی) عالمی قوتیں اسلام اور ایمان پر حملہ آور ہیں، ہمیں محتاط رہنا ہوگا۔حکومتیں ہمیشہ باطل کی حمایت اور حق کی مخالفت کرتی ہیں۔تاریخ گواہ ہے کہ حکومتوں نے ہمیشہ باطل کی حمایت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اہل حق کے خون سے ہاتھ رنگے ہیں۔ان خیالات کا اظہار محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام تحصیل جلال پور پیروالا نے جامعہ فاروقیہ صوت القرآن کی جامع مسجد بیت الرحیم جلال پور پیروالا میں خطبہ جمعہ میں کیا۔انھوں نے کہا کہ جو ختم نبوت کے خلاف آواز اٹھائے ،قرآن کریم کی مخالفت کرے، اسلام کے بنیادی ارکان کا انکار کرے اور صحابہ کرام کو معیارِ حق نہ مانے اس کے لیے متفقہ لائحہ عمل کے ساتھ دین ودشمن کے خلاف متحد ہو کر دین اسلام کی سربلندی کے لیے مؤثر آواز بلند کرکے جرأت مندانہ کردار اپنانے کی ضرورت ہے۔مدارس اور مساجد اسلام کے قلعے ہیں جو لوگ مدارس ومساجد کی مخالفت کرتے ہیں۔وہ مدارس کی دینی خدمات سے ناواقف ہیں۔جو لوگ اسلام میں جدت یا ملاوٹ اور آمیزش چاہتے ہیں وہ سمجھ لیں اسلام جب بھی آئے گا خالص آئے گا۔انھوں نے کہا کہ عریانی وفحاشی کے آلات سے معاشرہ برائیوں کا مرکز بنتا جارہا ہے اور بعض ٹی وی چینل اسلام دشمن عناصر کے مذموم ایجنڈے کی تکمیل کے لیے کوشاں ہیں۔جب بھی اسلام کے تحفظ اور عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے ضرورت پڑی اکابرین احرار کے حکم پر کارکنانِ احرار کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ہم اربابِ حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ بڑھتی ہوئی فحاشی وعریانی اور مہنگائی کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چناب نگر (۱۵ر جولائی) مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام یکم جولائی سے ۱۵ر جولائی تک چناب نگر کی جامع مسجد احرار میں احرار کے مرکزی ناظم شعبۂ تبلیغ مولانا محمد مغیرہ کی زیرنگرانی ایک پندرہ روزہ کورس ہوا، جس میں مولانا محمد مغیرہ اور مولانا مشتاق احمد نے کلاس روم کی طرز پر طلباء کو لیکچرز دیئے۔ اس میں شریک ہونے والوں کی اکثریت عصری تعلیمی اداروں کے طلباء کی تھی جن میں سے اکثریت کا تعلق چناب نگر کے گردونواح سے تھا جو بہر حال بہت خوش آئند ہے۔ ۱۵ر جولائی بروز منگل صبح ۹ بجے سے تقریباً ۱۲ بجے دوپہر تک مجلس احرارِ اسلام چناب نگر نے اس کورس کے اختتام پر ایک خوبصورت اختتامی تقریب کا انعقاد کیا۔ جس میں علاقہ بھر سے منتخب افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کی صدارت مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر جناب پروفیسر خالد شبیر احمد نے کی جبکہ سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ جامعہ عربیہ چنیوٹ کے استاد اور ختم نبوت اور ردِ قادیانیت پر مہارت رکھنے والے مولانا مشتاق احمد، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے نائب امیر قاری شبیر احمد عثمانی، چیچہ وطنی کی مرکزی مسجد عثمانیہ کے خطیب مولانا منظور احمد اور مولانا محمد مغیرہ نے تقریباً تین گھنٹے کے دورانیے پر مشتمل اس خوبصورت تقریب سے خطاب کیا جبکہ جامعہ امدادیہ چنیوٹ کے منتظم مولانا سیف اللہ خالد، جامعہ انوارالقرآن چنیوٹ کے مہتمم قاری عبدالحمید حامد اور دیگر حضرات نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ کورس کے شرکاء میں کتابوں کے سیٹ تقسیم کیے گئے۔ پروفیسر خالد شبیر احمد نے اس تقریب سعید سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک ختم نبوت کا کام پوری دنیا میں ترقی پذیر ہے اور فتنہ قادیانیت کی حقیقت عیاں ہو رہی ہے۔ یہ فتنۂ ارتداد اپنے منطقی انجام کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس فتنے کی تباہ کاریوں سے امت کو بچانا تمام دینی قوتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مجلس احرارِ اسلام اور تحفظِ ختم نبوت کا مشن لازم و ملزوم ہیں۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ دنیا کے بدلتے ہوئے حالات ہم سے متقاضی ہیں کہ ہم انکارِ ختم نبوت پر مبنی فتنوں کا گہرائی سے مطالعہ کریں اور فتنۂ قادیانیت کی اسلام اور ملک و ملت کے خلاف سازشوں کی خطرناک بلکہ المناک تاریخ سے نوجوانوں کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی گروہ مسلمانوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے کے لیے طویل منصوبہ بندی کے تحت کام کر رہا ہے۔ ''فری میسن'' یہود و نصاریٰ اور ہر دین دشمن تحریک کی پشت پناہی قادیانیوں کو حاصل ہے۔ مولانا مشتاق احمد نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام نے چناب نگر میں ''ختم نبوت کورس'' کا اجراء کر کے اس اہم علاقے کی بنیادی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور ردِ قادیانیت میں مجلس احرارِ اسلام کی تاریخی و تحریکی خدمات ہماری قومی و دینی تاریخ کا حصہ ہیں۔ قاری شبیر احمد عثمانی نے کہا کہ نوجوان نسل میں عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت کا شعور پیدا کرنے کے لیے تربیتی کورسز کی ضرورت پہلے سے بھی بڑھ گئی ہے۔ آنے والے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے صورتِ حال کا حقیقی بنیادوں پر ادراک بے حد ضروری ہو گیا ہے۔ مولانا محمد مغیرہ نے کہا کہ نوجوان طلباء نے اس کورس میں شریک ہو کر ہمارے حوصلے بلند کیے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ سلسلہ پورے ملک میں ریفریشر کورسز کی شکل میں آگے بڑھایا جائے گا۔ تاکہ نوجوان نسل عقیدۂ ختم نبوت سے آگاہی حاصل کرے اور اپنے دشمن کی پہچان کرے۔

## قادیانی کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفنانے پر سینکڑوں افراد کا احتجاجی مظاہرہ

اوکاڑہ (نامہ نگار) قادیانی دکاندار کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنے پر اوکاڑہ میں کشیدگی۔ سینکڑوں افراد کا احتجاجی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مظاہرہ۔قادیانی کی لاش قبر سے نکال کر قادیانیوں کے قبرستان میں دفن کردی گئی۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے گاؤں ۵۵ٹو ایل کے قادیانی دکاندار غلام قادر کا انتقال ہوگیا۔اس کے بیٹوں اور عزیز و اقارب نے اسے مسلمانوں کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا۔ اس واقعہ کی اطلاع گاؤں کے نمبردار چودھری امان اللہ کو مل گئی اور یہ خبر آناً فاناً جنگل کی آگ کی طرح اوکاڑہ شہر میں پھیل گئی اور اشتعال پیدا ہوگیا۔سینکڑوں کی تعداد میں مسلمان اکٹھے ہوگئے اور علماء کرام بھی کافی تعداد میں وہاں پہنچ گئے۔اس دوران مظاہرین نے نعرہ بازی شروع کردی۔انتظامیہ اور پولیس نفری بھاری تعداد میں پہنچ گئی۔قادیانیوں نے پولیس کی موجودگی میں قبرکشائی کرتے ہوئے نعش نکالی اور قادیانیوں کے قبرستان میں لے جا کر دفن کردی۔(مطبوعہ: روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور،۱۲؍جون ۲۰۰۸ء)

## غلام قادر قادیانی کو مسلمانوں کو قبرستان میں دفنانے پر سیکڑوں احرار کارکنوں کا مظاہرہ

(اوکاڑہ) مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم نشریات شیخ حسین اختر لدھیانوی نے اوکاڑہ سے ملتان پہنچ کر بتایا کہ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی گاؤں ۴۴ٹو ایل کے قادیانی دکاندار کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنے پر اوکاڑہ میں کشیدگی۔احرار کارکنوں، علماء کرام سیکڑوں افراد کا احتجاجی مظاہرہ۔قادیانی کی نعش قبر سے نکال کر قادیانیوں کے قبرستان میں دفن کردی گئی۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے گاؤں ۵۵ٹو ایل کے قادیانی دکاندار غلام قادر کا انتقال ہوگیا۔اس کے بیٹوں اور عزیز و اقارب نے اس کے جسدِ خاکی کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفنا دیا۔اس امر کی اطلاع گاؤں کے نمبردار چودھری امان اللہ کو مل گئی اور آناً فاناً جنگل کی آگ کی طرح اوکاڑہ میں بھی پھیل گئی اور اشتعال پیدا ہوگیا۔سیکڑوں کی تعداد میں لوگ قبرستان پہنچ گئے۔مجلس احرار اسلام کے رہنما محمد خالد، افتخار مجاہد، شیخ مظہر سعید، ندیم انصاری سمیت ۵۴ٹو ایل کے جامعہ قاسمیہ کے مہتمم مفتی عبدالقیوم بھی قبرستان پہنچ گئے۔اس دوران مظاہرین نے زبردست نعرے بازی شروع کردی۔انسپکٹر تھانہ صدر چودھری محمد اشرف پولیس کی نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات کیے۔مذاکرات کا سلسلہ شروع کیا۔اس دوران انتقال کر جانے والے غلام قادر قادیانی کے بیٹے عصمت اللہ اور ان کے عزیز و اقارب سے کہا گیا کہ نعش کو نکال کر قادیانیوں کے قبرستان میں دفن کریں ورنہ نعش کو نکال کر آگ لگا دیں گے۔قادیانیوں نے پولیس کی موجودگی میں قبرکشائی کرتے ہوئے نعش نکالی اور قادیانیوں کے قبرستان میں لے جا کر دفن کردی۔یوں انسپکٹر تھانہ صدر چودھری محمد اشرف نے حالات کو کشیدہ ہونے سے بچالیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۵؍جولائی) مجلس احرارِ اسلام اور تحریک تحفظِ ختمِ نبوت چیچہ وطنی کے رہنماؤں قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، حافظ حکیم محمد قاسم نے کہا ہے کہ کمالیہ روڈ پر واقع چک نمبر ۵۸۔۳ٹکڑا تھانہ صدر کمالیہ میں قادیانیوں کی اجارہ داری ہے اور سرعام اِرتدادی سرگرمیاں جاری ہیں چند روز پیشتر پولیس نے قادیانی عبادت گاہ سے لاؤڈ اسپیکر بھی اُتار لیا تھا لیکن ذمہ دار قادیانیوں کے خلاف قانون کے مطابق کوئی مؤثر کارروائی نہ ہونے کی وجہ سے اِردگرد اور مضافات میں ردِعمل پیدا ہونا شروع ہوگیا ہے، بتایا گیا ہے کہ جمعہ کے روز ایک ٹی وی چینل کے نمائندہ کو صورتحال کی رپورٹنگ سے اُس وقت ذمہ دار قادیانیوں نے روک دیا جب وہ چک مذکور کی قادیانی عبادت گاہ کے اندر داخل ہوکر صورتحال کا جائزہ لینا چاہتا تھا یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس علاقے میں مساجد کی شکل پر دو قادیانی عبادت گاہیں ہیں جن میں قرآن پاک بھی رکھے ہُوئے ہیں علاقے کے متعدد مسلمانوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے کہا ہے کہ قادیانی عبادت گاہوں سے قرآن پاک اُٹھا کران کی بے حرمتی ختم کرائی جائے تحریک طلباء اسلام اور ختم نبوت سٹوڈنٹس جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ پولیس تھانہ صدر کمالیہ اور متعلقہ حکام فوری نوٹس لے کر چک مذکور میں امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں ورنہ اس صورتحال سے اشتعال پیدا ہوگا جو نقص امن کا موجب بھی بن سکتا ہے۔

## سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زندگی امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے (تحریک طلباء اسلام ملتان)

ملتان (۲۷ رجون) امام عادل وراشد و برحق خلیفۂ اول و بلافصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زندگی اور انکی سیرت و کردار امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔حکمران خلیفۂ بلافصل سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد ساز نظامِ خلافت سے رہنمائی حاصل کریں۔اسلام ایک مکمل دین ہے۔خیالات کا مجموعہ نہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خیالات نہیں دین اسلام کی حکومت قائم کی۔تحریک طلباء اسلام ملتان کے زیر اہتمام دارِ بنی ہاشم میں منعقد خلیفۂ بلافصل سیمینار کے مقررین نے کہا کہ حکومت اپنی پالیسیوں کو قرآن وسنت کے تابع کرے اور وطن عزیز کو آئین کے مطابق اسلامی ریاست بنائے۔اجلاس میں تحریک طلباء اسلام کے مقامی امیر علی مردان قریشی، سید عطاء المنان بخاری، حافظ اخلاق احمد، محمد نعمان سنجرانی، حافظ محمد اکرم احرار، محمد سلیمان یمنی، محمد ضیاء اللہ نے خطاب کیا۔

## قادیانی پاکستان کے خلاف عالمی سطح پر سازشیں کررہے ہیں
## حکومتِ پاکستان قادیانیوں کی ان ریشہ دوانیوں پر سختی سے نوٹس لے

ملتان (۳۰ رجون) تحریک طلباء اسلام ملتان کے ناظم نشریات سید عطاء المنان بخاری نے کہا ہے کہ قادیانی پاکستان کے خلاف عالمی سطح پر سازشیں کررہے ہیں۔یہود و نصاریٰ قادیانیوں کی مکمل حمایت کرکے انھیں بھرپور تحفظ دے رہے ہیں۔حکومتِ پاکستان قادیانیوں کی ان ریشہ دوانیوں پر سختی سے نوٹس لے۔خصوصاً گورنر پنجاب قادیانیوں کی حمایت کرکے مسلمانوں کی حق تلفی نہ کریں۔انھوں نے کہا کہ چندروز قبل قادیانیوں کے سربراہ مرزا مسرور نے امریکی ریاست پنسلوانیہ میں اپنے سالانہ سہ روزہ اجتماع سے خطاب کیا اور حکومت پاکستان پر بہتان طرازی کرتے ہوئے کہا کہ'' قادیانیوں پر پاکستان میں طرح طرح کے مظالم ڈھائے جارہے ہیں اور انھیں صحیح طرح سے حقوق نہیں دیے جارہے۔حکومت پاکستان قادیانیوں پر جبروتشدد کے پہاڑ توڑ رہی ہے۔'' انھوں نے قادیانی سربراہ کے اس بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مرزا مسرور نے اپنے پیش رو (مرزا قادیانی) کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جھوٹ اور کذب کو اپنا ایمان بنایا ہوا ہے۔قادیانیوں کو پاکستان میں وہ تمام حقوق حاصل ہیں جو دیگر اقلیتوں کو میسر ہیں۔سید عطاء المنان بخاری نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنے قائد جناب ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی طرح قادیانیوں کے ساتھ کسی بھی طرح کا نرم گوشہ اختیار نہ کرے بلکہ جس طرح سے انھوں نے بغیر کسی دباؤ کے قادیانیوں کو آئینی اور قانونی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دیا ،موجودہ حکومت بھی انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قادیانیوں کو انکی حدود میں رکھے اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ان کے ساتھ اقلیتوں والا سلوک روا رکھے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۹ رجولائی) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ اب تو یہ بات



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پایۂ تکمیل تک پہنچ چکی ہے کہ پرویز مشرف کو ملکی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے ایجنڈے پر عمل درآمد کے لیے لایا گیا تھا اور وہ اپنے آٹھ سالہ دورِ اقتدار میں اسی ایجنڈے کے لیے سرگرم رہے ہیں۔ موجودہ گھمبیر صورتحال بھی پرویز مشرف ہی کی ’’تخلیق‘‘ ہے جو امریکی وصیہونی احکامات کی بجا آوری کا شاخسانہ ہے۔ یہی وہ شخص ہے کہ جو شخصی اقتدار کے لیے ملکی سلامتی تک کو داؤ پر لگائے ہوئے ہے۔ طلباء سمیت تمام طبقات کو آگے بڑھ کر ان مشکل حالات میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ وہ تحریک طلباء اسلام کے ضلعی کنونشن سے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے خطاب کر رہے تھے۔ تحریک طلباء اسلام کے رہنما محمد آصف سلیم، حافظ محمد معاویہ راشد، اور دیگر طالب علم رہنماؤں نے بھی کنونشن سے خطاب کیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۹ر جولائی) تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے ایک انتخابی اجلاس میں متفقہ طور پر ملک محمد آصف مجید (صدر)، حافظ محمد عمران قریشی (نائب صدر)، محمد قاسم چیمہ (جنرل سیکرٹری) اور محمد عمیر چیمہ (ناظم نشریات) منتخب کر لیا گیا۔ یہ فیصلہ حافظ محمد آصف سلیم اور حافظ محمد اعظم کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں کیا گیا جو ضلعی کنوینیر محمد معاویہ راشد اور معاون خصوصی شاہد حمید کی نگرانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی سرپرستی قاری محمد سدید نے کی اور مدارس دینیہ اور تعلیمی اداروں کے طلباء اور نوجوانوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعے پی ایم سی فیصل آباد میں قادیانی اِرتدادی سرگرمیوں پر گہری تشویش ظاہر کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ کالج سے نکالے گئے قادیانی طلباء طالبات کو بحال کرنے کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی۔

☆☆☆

کراچی: مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور ’’نقیبِ ختم نبوت‘‘ کے مدیر سید محمد کفیل بخاری نے اشرف المدارس کے مہتمم مولانا حکیم محمد مظہر صاحب سے ٹیلی فون پر حضرت عارف باللہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم کی عیادت دل کے کامیاب آپریشن پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے جلد صحت یابی کی دعا کی۔ اور کہا کہ اللہ تعالیٰ بزرگانِ دین اور اولیاء کرام کا سایہ تادیر صحت وعافیت کے ساتھ سلامت رکھے اور مریدین اور جملہ مسلمانوں کو روحانی اور اخلاقی اصلاح کی توفیق عطاء فرمائیں۔ ابومحمد عثمان احرار نے جملہ مسلمانوں سے دعاءِ صحت کا خصوصی اہتمام کرنے کی درخواست کی۔

## نلکنڈہ میں مزید آٹھ قادیانی مسلمان ہوگئے

نلکنڈہ (ثنا نیوز) بھارت کے ضلع نلکنڈہ میں کاسرلہ پہاڑ (اروا پلی منڈل) قادیانیوں کا گڑھ جانا جاتا ہے۔ جہاں مزید آٹھ قادیانیوں نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ اس سلسلہ میں جلسہ تحفظ ختم نبوت وردّ قادیانیت وردّ عیسائیت سے مولانا مفتی عبدالغنی مظاہری صدر جمعیت علماء حیدرآباد نے خطاب کرتے ہوئے امتِ مسلمہ کو اپنے ایمان کی حفاظت پر زور دیا ہے۔

(روزنامہ ’’نوائے وقت‘‘ لاہور، یکم جولائی ۲۰۰۸ء، ص۵)



© rasailojaraid.com